نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر خالد شبیر احمد

موج ہے اُن کی ساحل ساحل عظمت اُن کی منزل منزل
گونج رہی ہے قریہ قریہ کوہِ حرا سے صوتِ مُنزّل
راہِ ہدایت آپ کا رستہ غیر نہیں ہیں اس میں حائل
ان کی طلب میں پھول ہیں مجھ کو طوقِ گُلو ، زنجیرِ سلاسل
شوق ہے ان کا وافر وافر رنگِ جنوں بھی جس میں شامل
ان سے خوب ہے رشتہ میرا وہ آقا ہیں میں ہوں سائل
جگ مگ جگ مگ اُن کی دنیا شہر طیبہ ، نورِ مُنزّل
سدرہ تک ہیں عرش اڑانیں خُلد نشاں ہے میری منزل
درد نبی کا میرے دل میں درد یہی ہے ، زیست کا حاصل
نورِ نبی روشنیوں سے ظلمتِ شب ہے ، زائل زائل
فضلِ خدا سے میرے نبی ہیں خاتم ، خاتم ، کامل ، کامل
حمد وہی ہے ، نعت وہی ہے جس میں آپ کا ذکر ہے شامل

خالؔد مجھ پہ فضل ہے اُن کا
ورنہ میں تھا کب اس قابل